तकदीर

تقدیر

اداکاران
بھارت بھوشن ۔ سالتی
کمل کپور

قیمت دس نئے پیسے

رتن اسٹار بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

تقدیر فلم کے

گانا نمبر ا

جب جب بہار آئی اور پھول مسکرائے
مجھے تم یاد آئے
جب جب بھی چاند نکلا اور تارے جگمگائے
مجھے تم یاد آئے

اپنا کوئی ترانا میں نے نہیں بنایا
تم نے میرے لبوں پر ہر ایک سُر سجایا
جب جب میرے ترانے دُنیا نے گنگنائے
مجھے تم یاد آئے

اک پیار اور دعا کی تصویر مانتا ہوں
تصویر کیا تمہیں میں تقدیر مانتا ہوں
دیکھی نظر نے خوشیاں یا دیکھے غم کے سائے
مجھے تم یاد آئے

ممکن ہے زندگانی کر جائے بیوفائی
لیکن یہ پیار وہ ہے
جس میں نہیں جدائی
اس پیار کے فسانے جب جب زباں پہ آئے
مجھے تم یاد آئے

گانا نمبر ۲ :- سات سمندر پار سے
گڑیوں کے بازار سے
اچھی سی گڑیا لانا
گڑیا چاہے نہ لانا
پپا جلدی آجانا
تم پردیس گئے جب سے
بس یہ حال ہوا تب سے
دل دیوانہ لگتا ہے
گھر ویرانہ لگتا ہے
جھلمل چاند ستاروں نے
دروازوں دیواروں نے
سب نے پوچھا ہے ہم سے کب جی چھوٹے گا غم سے
کب ہوگا اُن کا آنا
پپا جلدی آجانا
ماں بھی لوری نہیں گاتی
ہم کو نیند نہیں آتی
کھیل کھلونے ٹوٹ گئے
ساتھی سنگی چھوٹ گئے
جیب ہماری خالی ہے۔ اور آتی دیوالی ہے
ہم سب کو نہ تڑپاؤ
اپنے گھر واپس آؤ

اور کبھی پھر نہ جانا
بیٹا جلدی آجانا

خط نہ سمجھو تا ہے یہ
کاغذ نہیں ہے پیار ہے یہ
دوری اور اتنی دوری۔ ایسی تھی کیا مجبوری
تم کوئی نادان نہیں۔ تم اس سے انجان نہیں
اس جیون کے سپنے ہو۔ ایک تمہی تو اپنے ہو
سارا جگ ہے بیگانا
بیٹا جلدی آجانا

گانا نمبر ۳: کیسے کوئی جانے بھلا۔ خوابوں کی تابیر
آکاش پہ بیٹھا ہوا۔ لکھتا ہے وہ تقدیر
جبکو خوشی سے جینا ہو۔ یہ بات وہ جان لے
مرضی ہو جو بھگوان کی
ہنس کے اسے مان لے۔ مان لے
جس سے نہ غم بھی خوشی ہے یہ۔ وہی تقدیر
آکاش پہ بیٹھا ہوا ——
دو روز کی یہ زندگی کس چیز کا نام ہے
ہر اک صبح ہے بے خبر
انجان ہر شام ہے شام ہے
کس کو پتہ ٹوٹے کہاں۔ سانسوں کی زنجیر
آکاش پہ

گانا نمبر ۱۰ ۔ آیئے بہار کو ہم بانٹ لیں
زندگی کے پیار کو ہم بانٹ لیں
مل کے روئیں مل کے مسکرائیں ہم
اپنی جیت ہار کو ہم بانٹ لیں
آیئے بہار کو ــــــ
جس کے پاس ہو خوشی ۔ تھوڑی سی خوشی دیدے
جو بے بس ہو بیچارا ۔ اپنی بے بسی دیدے
درد کی پکار کو ہم بانٹ لیں
آیئے بہار کو ــــــ
پیاسا نا رہے کوئی ۔ بھوکا نا سوئے کوئی
تنہا نا بیٹھے کوئی ۔ تنہا نہ سوئے کوئی
آنسوؤں کی دھار کو ہم بانٹ لیں
آیئے بہار کو ــــــ

گانا نمبر ۱۱ دل والو ستے الو
ہم سے شادی کروالو
دھوکا کیا دالیں ہیں
گارنٹی لکھوا لو
میں نے بنایا جن کا جوڑا
مر گئے پیچھا نہ چھوڑا
میں نے بنایا جن کو دولہا
نام میرا وہ نہ بھولا

ہم کا بکھرا کام ہے بکا
لو نا دل خریدا لو

او دل والو ———

چلے ہو جیسے چاہے پونا
سپنیاں نباتی جیون سونا
موقعہ سنہری کھو نہ جائے
سب خالی بک ہو نہ جائے
کر کے سگائی ایک لگائی کا بیرہ بٹ نبوا لو

او دل والو ———

آدھے شرابی آدھے کر کے
آج کل کے اشر لڑکے
یوں ہی کسی کو نہ چن لینا
بس کے میری بھی سن لینا
میں بھی کنوارا کر کے اشارہ
اپنے پاس بلا لو

او دل والو ———

گانا نمبر ۶:۔ مجھے بھول جانا اگر ہو سکے
نہ پھر یاد آنا اگر ہو سکے
مجھے بھول جانا ———

میرا پیار گزرے زمانے کی بات
ہے یاد کیوں بھول جانے کی بات

نہیں کوئی آنسو بہانے کی بات
نہ آنسو بہانا اگر ہو سکے
مجھے بھول جانا —

مجھے معاف کرنا میرے ہمسفر
کہیں کھو گیا ہیں نہیں چھوڑ کر
نہیں میں نے آنسو دیئے ہیں مگر
سدا مسکرانا اگر ہو سکے
مجھے بھول جانا —

ختم شد

اصلی پرانا کوک شاستر (با تصویر)

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کیلئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر۔ اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ لحد میں پچھتانا پڑے گا۔
قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ
رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔ دنیا کے چھوٹے بڑے بازاروں میں ملکوں میں اور کارخانوں میں غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی کتاب کی مدد سے پاس ہو سکتے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے مع ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی